FAISALABAD BOARD

GRADE 10

URDU

2019 GROUP 1

i) واحد متکلم کی مثال ہے: **(1)**

الف- ہم

ب- تم

ج- میں

د- وہ

درست جواب: ج-میں

ii) اسم کی استعمال کے لحاظ سے کتنی قسمیں ہیں؟ **(1)**

الف- دو

ب- تین

ج- چار

د- پانچ

درست جواب: الف- دو

iii) "اسلام" کا درست تلفظ کیا ہے؟ **(1)**

الف- اَسْلاَمْ

ب- اَسْلاَم

ج- اَسَلاُم

د- اِسْلاْم

درست جواب: د- اِسْلاْم

iv) "حلال" کا درست تلفظ کیا ہے؟ **(1)**

الف- حُلَالْ

ب- حَلاَلَ

ج- حَلاَلْ

د- حِلَالْ

درست جواب: ب- حَلاَلَ

v) "تم کھاؤ" گرائمر کی رو سے کیا ہے؟ **(1)**

الف- فعل امر

ب- فعل نہی

ج- فعل لازم

د- فعل متعدی

درست جواب: الف- فعل امر

vi) یہ مصرع کس شاعر کا ہے؟ "ہلالِ عید کی گردوں پہ آمد آمد ہے" **(1)**

الف- اقبال

ب- حفیظ جالندھری

ج- عبدالمجید سالک

د- حالی

درست جواب: ج- عبدالمجید سالک

vii) نظم "بہادر بچے" کے مطابق کشتی کہاں ٹھہری ہے؟ **(1)**

الف- دریا میں

ب- ساحل پر

ج- منجدھار میں

د- لہروں پر

درست جواب: ج- منجدھار میں

viii) میر انیس کہاں پیدا ہوئے؟ **(1)**

الف- لکھنؤ میں

ب- لاہور میں

ج- فیض آباد میں

د- دِلی میں

درست جواب: ج- فیض آباد میں

ix) شاعر دلاور فگار کب پیدا ہوئے؟ **(1)**

الف- **1929 میں**

ب- **1930 میں**

ج- **1931 میں**

د- **1932 میں**

درست جواب: الف- **1929 میں**

x) رشید احمد صدیقی نے خط میں کس کے سانحہ رحلت کا ذکر کیا ہے؟ (1)

الف- مولانا ضیا احمد

ب- بیگم ڈاکٹر محمد محسن

ج- سید بشیرالدین

د- بیگم سید بشیرالدین

درست جواب: الف- مولانا ضیا احمد

xi) سبق "نام دیو" کے مطابق درجہ کمال تک پہنچنے کے لیے ضروری ہے: (1)

الف- جدو جہد

ب- صلاحیت

ج- خوش بختی

د- وسائل کا ہونا

درست جواب: الف- جدو جہد

xii) چغل خور کو چغل خور کہیں تو وہ: (1)

الف- لڑپڑتا ہے

ب- بھاگ جاتا ہے

ج- ناراض ہو جاتا ہے

د- شرمسار ہو جاتا ہے

درست جواب: ج- ناراض ہو جاتا ہے

xiii) جب لڑکی ریلوے سٹیشن پہنچی تو گاڑی آنے میں کتنی دیر تھی؟ (1)

الف- پندرہ منٹ

ب- آدھا گھنٹہ

ج- ایک گھنٹہ

د- چند منٹ

درست جواب: الف- پندرہ منٹ

xiv) مصنف سبق "مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ" جس کمرے میں ٹھہرے اس کی کھڑکی کھلتی تھی: **(1)**

الف- باغ میں

ب- چٹیل میدان میں

ج- پائیں باغ میں

د- دریا کی سمت

درست جواب: ج- پائیں باغ میں

xv) سید احمد بریلوی اور شاہ اسمٰعیل کب شہید ہوئے؟ **(1)**

الف- 1821 میں

ب- 1831 میں

ج- 1841 میں

د- 1857 میں

درست جواب: ب- 1831 میں

حصہ نظم

سوال نمبر ۲: درج ذیل نظم و غزل اشعار کی تشریح کیجئے۔ 10)

نظامِ آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے

بہار جادوانی ہے اُسی کی باغبانی سے

پانی تھا آگ گرمی روز حساب تھی

ماہی جو سیخ موج تک آئی کباب تھی

یہ سماں اور ایک قوی انسان ،یعنی کاشت کار

ارتقاء کا پیشوا ، تہذیب کا پروردگار

آس پاس کے جو بستے ہیں نہ ان کی پوچھے

جس قدر ویراں ہے یہ ہیں اس قدر وہ خستہ حال

حصہ غزل

روح کو بھی مزہ محبت کا

دل کی ہمسایگی سے ملتا ہے

بات یہ ہے کہ سکونِ دِل وحشی کا مقام

کُنجِ زنداں بھی نہیں وسعتِ صحرا بھی نہیں

جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور

تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ جلے ہیں

سوال نمبر3: درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے تشریح سے پہلے سبق کا عنوان ،مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی میں لکھیے۔ (5

الف - حد یہ ہے کہ پرسوں وہ رحلت فرما گئے اور ان کے سینکڑوں دوستوں اور قدر دانوں کو اس سانحہ ارتحال کی خبر تک نہ ہوئی. افسوس اتنا بڑا صاحب کمال ہم میں سے اٹھ جائے اور اس کی سناؤنی ہم تک نہ پہنچے. کتنے بے خبر ہیں ہم لوگ! زندہ قوموں کا یہ شعار نہیں ہوتا کہ اپنے اہل کمال سے غافل ہو جائیں. ایسی غفلت مجرمانہ ہوتی ہے. شاید یہ ہماری غفلت ہی کی سزا ہے کہ مرزا صاحب کو یوں ایکا ایکی ہم سے چھین لیا گیا

ب- ہر شخص میں قدرت نے کوئی نہ کوئی صلاحیت رکھی ہے ان صلاحیت کو درجہ کمال تک پہنچانے میں ساری نیکی اور بڑائی ہے. درجہ کمال تک نہ کبھی کوئی پہنچا ہے نہ پہنچ سکتا ہے. لیکن وہاں تک پہنچنے کی کوشش ہی میں انسان ، انسان بنتا ہے. یہ سمجھو کندن ہوجاتا ہے. حساب کے دن جب ایمان کی جانچ پڑتال ہوگی خدا یہ پوچھے گا کہ میں نے جو استعداد تجھ میں ودیعت کی تھی ، اسے کمال تک پہنچانے اور اس سے کام لینے میں تونے کیا کیا

سوال نمبر ٤ : کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے (10

i) اردو کے شعرا نے ہر دور میں عیدالفطر کو موضوع سخن کیوں بنایا؟

ii) مصنف سجاد حیدر یلدرم پر فقیر کی تقریر نے کیا اثر کیا ؟

iii) میر صاحب اور ان کی بیوی سیدانی بی بی کی کس بات پر زیادہ خوش تھے ؟

iv) علی بخش کو ایک مربع زمین کہاں اور کیوں الاٹ ہوئی؟

v) ترکی میں جمعۃ المبارک کا آدھا آدھا خطبہ کن دو زبانوں میں دیا گیا ؟

vi) شاعر جوش ملیح آبادی نے کسان کے گھر لوٹنے کی جو تصویر کشی کی ہے اسے دوسطروں

vii) نظم میں شاعر نے نیا گل کھلانے کا ذکر کر کے کس طرف اشارہ کیا ہے؟

viii) تھے کتنے ستارے کہ سرِ شام ہی ڈوبے ہنگامِ سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں اس شعر

میں خورشید ڈھلے ہیں سے کیا مراد ہے ؟

سوال نمبر ٥: کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (5

پرستان کی شہزادی

چغل خور

-سوال نمبر ٦: دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے

شہری اور دیہاتی زندگی

برسات کا موسم

عیدین

-سوال نمبر ٧- درج ذیل عبارت کوغور سے پڑھئے اور نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات دیجئے

قائداعظم ہمیشہ سے ایماندار، باہمت، نڈر اور مستقل مزاج انسان تھے.ان کا دامن لالچ اور ہوس سے پاک تھا. وہ کسی جج یا ساتھی وکیل سے بھی اپنی شان کے خلاف کوئی لفظ سننا پسند نہیں کرتے تھے.نامساعد حالات میں گھبراتے نہیں تھے .اور نہ کبھی دگا اور فریب سے کام لیتے تھے .ان کی سیاست صاف شہری اور پاکیزہ تھی .وہ سیاسی مقاصد حاصل کرنے کے لیے توڑ پھوڑ اور خلاف قانون اقدامات سخت مخالف تھے.جس بات کو حق سمجھتے ہیں اس کے بارے میں کسی سے سمجھوتہ نہیں کرتے اور نہ ہی مسئلہت تک کوشی سے کام لیتے تھے. خوش پوشی کا انھیں بے حد شوق اور سلیقہ تھا .جو آخر پر قائم رہا. ہندوستان کے کتنے ہی وائسرائیوں نے ان کی خوش پوشی کی تعریف کی تھی .ان کی زندگی کے آخری چند سالوں میں ان کی شہرت بام عروج پر پہنچ گئی تھی. پاکستان کا قیام ان کا عظیم کارنامہ ہے .

i) قائداعظم کس قسم کے انسان تھے؟

ii) قائداعظم کا رویہ کس قسم کا تھا ؟

iii) قائداعظم کا عظیم کارنامہ کونسا ہے؟

iv) اس عبارت کا عنوان تحریر کیجیے؟

iv) ہندوستان کے وائسرائیوں نے قائداعظم کے کس وصف کی تعریف کی ہے؟

FAISALABAD BOARD

GRADE 10

URDU

2019 GROUP 2

(i (1)

اب انسان کو کس کا عرفان حاصل ہوگا:

الف- خدا تعالیٰ کا

ب- انسان کا

ج- کائنات کا

د- ان سب کا

جواب: د- ان سب کا

ب- انسان کا

(ii (1)

پروگرام دانش کدہ میں کتنے دانشور بلائے جاتے ہیں:

الف- دو

ب- تین

ج- چار سات

د- سات

جواب: د- سات

(iii (1)

کانگریس کب قائم ہوئی:

الف- 1885

ب- 1886

ج- 1895

د- 1906

جواب: الف- 1885

(iv (1)

سیدہ بی بی کو کھانے میں مرغوب تھا:

الف- زردہ

ب- بونٹ پلاؤ

ج- فیرنی

د- بریانی

جواب: ب- بونٹ پلاؤ

(v (1)

قدرت اللہ شہاب ڈپٹی کمشنر رہے:

الف- لاہور

ب- اوکاڑہ

ج- جھنگ

د- ملتان

جواب: ج- جھنگ

(vi (1)

علامہ اقبال کون سا پھل پسند کرتے تھے:

الف- انگور

ب- لوکاٹ

ج- آم

د- خوبانی

جواب: ج- آم

(vii (1)

استنبول ایک مشہور شہر ہے:

الف- جاپان کا

ب- ایران کا

ج- ترکی کا

د- چین کا

جواب: ج- ترکی کا

(viii (1)

رن کی زمین سرخ تھی اور آسمان تھا:

الف- سبز

ب- نیلا

ج- زرد

د- سرخ

جواب: ج- زرد

(ix (1)

شاعر نے فاطمہ کو حور کہا ہے:

الف- صحرائی

ب- ارضی

ج- آسمانی

د- جنتی

جواب: الف- صحرائی

(x (1)

کون سی چیز راحت فزا ہو گئی ہے:

الف- رنج

ب- مصیبت

ج- ناکامی

د- حسرت

جواب: ب- مصیبت

(xi (1)

لنگڑا گرائمر کی رو سے ہے:

الف- کنیت

ب- لقب

ج- خطاب

د- عرف

جواب: د- عرف

(xii (1)

چلنا گرائمر کی رو سے ہے ہیں:

الف- مصدر متعدی

ب- مصدر مرکب

ج- مصدر لازم

د- مصدر مفرد

جواب: ج- مصدر لازم

(xiii (1)

ہفتہ قواعد کی رو سے ہے:

الف- اسم مکبر

ب- اسم صوت

ج- ظرف زماں

د- ظرف مکاں

جواب: ج- ظرف زماں

(xiv (1)

اخلاق کا درست تلفظ ہے:

الف- اَخْلَاقْ

ب- اِخْلَاقْ

ج- اُخْلَاقْ

د- اَخَلَاقْ

جواب: الف- اَخْلَاقْ

(xv (1)

مدرسہ کا درست تلفظ ہے:

الف- مَدْرَسَه

ب- مِدْرَسَه

ج- مُدِرِسَه

د- مُدْرَسَه

جواب: الف- مَدْرَسَه

سوال نمبر ۲: درج ذیل نظم و غزل اشعار کی تشریح کیجئے۔ (10)

(تین حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)

بشر کو فطرت اسلام پر پیدا کیا جس نے
محمد مصطفیؐ کے نام پر شیدا کیا جس نے

رقص تیری خاک کا کتنا نشاط انگیز ہے
ذرہ ذرہ زندگی کے سوز سے لبریز ہے

سب محنت کش گلے ملے اور ابھرا اک پیغام
اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام

میاں شتر نئی گاڑی لیے سفر کو چلے
مجھے خوشی ہے کہ تم آگئے پہاڑ تلے

حصہ غزل

آج غفلت بھی ان آنکھوں میں ہے پہلے سے سواَ
آج ہی خاطرِ بیمار شکیبا بھی نہیں

مصیبت بھی راحت فراز ہوگئی
تیری آرزو رہنما ہو گی

مل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا
ٹوٹ کر دل، اسی سے ملتا ہے

سوال نمبر۳: درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے تشریح سے پہلے سبق کا عنوان ،مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی میں لکھیے۔

الف - امی جان نے جانے کب سے تین روپے جوڑ کر رکھے تھے. سونکال کر دیے کہ تم عقیل کو ساتھ لے کر چلی جاؤ. عقیل بچہ ہی سہی لیکن ہے تو لڑکا. بس یہی ان کی بات تومجھے زہر معلوم ہوتی ہے. جانے وہ لڑکیوں کو کیا سمجھتی ہیں. میں نے ان سے پوچھا کہ میں کیا کوئی لڈو پیڑا ہوں ، جو کوئی کھا لے گا اور عقیل کو دیکھ کر ڈر کے مارے اگل دے گا.

ب- حضرت ابو ایوب انصاری کی شخصیت میں تین چیزیں نمایاں تھیں جوش ایمانی حق گوئی او حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت عقیدت حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالی عنہ اللہ تعالی عنہ کا ایک مرتبہ ومقام یہ ہے کہ وہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مزبان بھی رہے

سوال نمبر ٤ : کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

مرزا محمد سعید کا حلیہ بیان کیجیے.

پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟

نام دیو مالی نے انعام لینے سے کیوں انکار کیا ؟

عید الفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟

ادا جعفری کے مطابق دل کے کنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق بتایا گیا ہے؟

تازہ انجم کے ظہور کا مفہوم واضح کیجئے.

تحریک خلافت کیوں شروع کی گئی؟

لڑکی جس ڈبے میں سوار ہوئی اس کا ماحول کیسا تھا؟

سوال نمبر ۵: کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (5)

نظریہ پاکستان

نام دیو مالی

-دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے (6)

قائدِاعظمؒ

عیدین

شہری زندگی کے مسائل

سوال نمبر 7: (10

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیئے۔ ہیں اسلام سے پہلے کہ تمام قومی سلسلے تمام "قومی رشتے"نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کردیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا رب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے. یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے

اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟

کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

اسلام میں ترکی کے مسلمان, چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہوگا؟

یا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟

عبارت کا عنوان؟